مزاحیہ وائلڈ لائف ایوارڈ جیتنے والی تصاویر

ہرسال ہونے والے مزاحیہ وائلڈ لائف تصاویر کے مقابلے میں اس سال دنیا کی 13 مختلف تصاویر نے مزاحیہ تصاویر کا ایوارڈ جیتا ہے، تصاویر کے مقابلے میں دنیا بھر سے 2200 فوٹو گرافرز نے حصہ لیا۔

مقابلہ منعقد کرانے والی کامیڈی وائلڈ لائف فوٹو ویب سائٹ کے مطابق اس سال ارجنٹائن، سویڈن، امریکا، ہنگری، آسٹریلیا، روس، چین اور جنوبی افریقہ سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے 2200 فوٹو گرافرز نے اپنی تصاویر بھیجیں، جن میں سے سب سے بہترین تصاویر کو پانچ مختلف کیٹیگریز میں ایوارڈ دیے گئے جب کہ 13 مختلف تصاویر کو بہترین مزاحیہ وائلڈ لائف تصاویر کا ایوارڈ دیا گیا۔

اینجلابوہلکے کی تصویر—فوٹو: بشکریہ

سب سے بہترین مزاحیہ وائلڈ لائف تصویر کا ایوارڈ فوٹو گرافر اینجلا بوہلکے کی تصویر نے زمینی کیٹیگری میں حاصل کیا، جس میں لومڑی کا سر برفباری میں دھنسا ہوا ہے۔

کینیا ایئرویز نامی تصویر نے بھی ایوارڈ حاصل کیا—فوٹو: بشکریہ

نکولس ڈی والکس کی کینیا ایئرویز نامی تصویر نے فضائی کیٹیگری میں ایوارڈ

حاصل کیا، تصویر میں ماہی خور پرندے کو چھلانگ لگاتی مچھلی کو کھانے کے لیے اڑتا ہوا دیکھا جاسکتا ہے۔



پانی کے اندر بیٹھے مینڈک کی تصویر بھی ایوارڈ لے اڑی—فوٹو: بشکریہ

جم کی تصویر نے پانی کے اندر کیٹیگری میں بہترین تصویر کا ایوارڈ حاصل کیا، تصویر میں پیلے مینڈک کو پانی کے اندر دیکھا جا سکتا ہے۔

کیمرے سے بے خبر آپس میں کھیلتے زیبروں کی تصویر بھی لوگوں کو متاثر کرنے میں کامیاب رہی—فوٹو: بشکریہ

لندن کے جوان فوٹو گرافر تھومس بلیونٹ کی تصویر نے جونیئر کیٹیگری میں بہترین تصویر کا ایوارڈ حاصل کیا، تصویر میں تین زیبرے نظر آ رہے ہیں۔



بیچاری بھینس کے اوپر گندگی کرتے پرندے کی تصویر بھی ایوارڈ کی مستحق ٹھہری فوٹو: بشکریہ

ٹام اسٹیلس کی جانب سے کینیا کے پارک میں لے گئی اس تصویر نے انتہائی تعریف کے لائق کیٹیگری میں ایوارڈ حاصل کیا، تصویر میں بھینس کے سر پر بیٹھا پرندہ گندگی کر رہا ہے۔

مچھلی کا شکار بننے والے بھالو کی تصویر بھی لوگوں کو پسند آئی—فوٹو: بشکریہ

روب کروئنرٹ کی جانب سے الاسکا کے پارک میں لی گئی اس تصویر نے بھی انتہائی تعریف کے لائق کیٹیگیری میں ایوارڈ حاصل کیا، تصویر میں مچھلی اڑ کر بھالو کے گردن سے ٹکرا رہی ہے۔